خبرنامہ

مکی بن ابی طالب قیسی کی تفسیر زیر تحقیق مکی بن ابی طالب قیسی (متوفی ۴۳۷ھ) کی تفسیر "الہدایۃ الی بلوغ النہایۃ" کے مختلف حصے جامعۃ محمد بن عبد اللہ (فاس۔ مراکش) کی آرٹ فیکلٹی میں ایم اے اور پی ایچ ڈی کے طلبہ کے درمیان تقسیم کردئے گئے ہیں تاکہ اس کی تحقیق کا کام جلد پایۂ تکمیل تک پہنچے۔ گزشتہ سال اس سلسلہ کی پہلی جلد جو سورہ فاتحہ اور سورہ بقرہ کی تفسیر پر مشتمل ہے مکمل ہوگئی اور اس پر ڈگری دی جا چکی ہے۔ (اخبار التراث العربی ۳۹: ۱۳)

جرجانی کی تفسیر درج الدرر کی تحقیق مکمل فن بلاغت کے امام اور دلائل الاعجاز کے مشہور مصنف عبد القاہر جرجانی (متوفی ۴۷۱ھ) کی تفسیر "درج الدرر" کی تحقیق مکمل ہو چکی ہے اور توقع ہے کہ متعدد جلدوں میں شائع ہوگی۔ یہ خدمت معہد المخطوطات العربیۃ کویت کے ریسرچ فیلو عبد اللہ عباس کنہ نے انجام دی ہے۔ جرجانی اور ان کی اس تفسیر کی خصوصیات پر تین سو صفحات کا مقدمہ بھی لکھا ہے۔ مانچسٹر یونیورسٹی میں ڈاکٹریٹ کے طالب علم عبد اللہ عبد الرحمٰن الخطیب بھی درج الدرر کی تحقیق میں مصروف ہیں۔

(اخبار التراث العربی ۴۴: ۴۴۔ ۴۵)

قرآن کریم کا قدیم ترین مطبوعہ نسخہ ابھی تک یہ خیال کیا جاتا رہا کہ جرمن کے شہر ہمبرگ میں ۱۶۹۴ء میں طبع ہونے والے نسخۂ قرآن کو دنیا کا قدیم ترین مطبوعہ نسخۂ قرآن ہونے کا اعزاز فقط حاصل ہے، لیکن بنگلور، انڈیا سے شائع ہونے والے انگریزی ماہنامہ اسلامک وائس، بابت نومبر ۱۹۹۰ء میں شائع ایک اطلاع سے اس خیال کی تردید ہوتی ہے۔ اطلاع کے بموجب اٹلی میں حال میں ایک نسخۂ قرآن دریافت ہوا ہے جس کی طباعت اٹلی کے شہر وینس (VENICE) میں ۱۵۳۷ء میں